QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر:کیسکو پی آر 113

کوئٹہ:04 نومبر 2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اپنے تمام صارفین کو بلاتعطل بجلی فراہمی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان کی ہدایات پر صوبہ کے مختلف علاقوں میں 11kv نئے فیڈروں کی تنصیب کے ساتھ ساتھ اوورلوڈ فیڈرز کی بائی فرکیشن اور ڈسٹری بیوشن لائنوں کے ٹرانسفارمرز کی استعداد کار بھی بڑھائے جارہے ہیں جسے کیسکو اپنے ذاتی ترقیاتی فنڈز سے مکمل کررہی ہے۔کیسکو کے شعبہ پلاننگ اینڈ انجینئرنگ (پی اینڈ ای) کی جانب سے تجویز اور سروے کا کام مکمل ہونے کے بعد مختلف 24 منصوبوں پر کام شروع کرکے اسے مختصر مدت میں مکمل کرلیا گیا ہے۔علاوہ ازیں گوادر میں بجلی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر کیسکو نے مختلف ترقیاتی منصوبے مکمل کرلئے ہیں اور گوادر شہر میں 11kv کے 4 فیڈروں پر تقریباً 54 کلومیٹر طویل ری کنڈکٹرنگ (تاروں کی دوبارہ تنصیب) کا کام مکمل کرلیا ہے جن میں 11kv گوادر سٹی، گوادر جی ڈی اے، کوسٹ گارڈ گوادر اور میر لال بخش فیڈر گوادر شامل ہیں۔اسکے علاوہ کیسکو پسنی سب ڈویژن کے 3 فیڈرز پر بھی 14 کلومیٹر نئے کنڈکٹرز نصب کیا گیا ہے جن میں 11kv اور ماڑہ سٹی، پسنی ون اور پسنی ٹو فیڈرز شامل ہیں۔اسکے ساتھ ساتھ کوئٹہ شہر کے مختلف گرڈ اسٹیشنوں سے منسلک 11kv کے 18 فیڈروں پر کپیسٹر بینک کی تنصیب کے علاوہ کوئٹہ میں اوورلوڈ 11kv ویسٹرن بائی پاس فیڈر کی بائی فرکیشن کردیا گیا جس کے بعد ایک نیا فیڈر تعمیر کرکے 11 کلومیٹر نئے کنڈکٹرز کی تنصیب مکمل ہوچکا ہے۔اسی طرح کیسکو کے شعبہ پراجیکٹ کنسٹرکشن کی جانب سے مختلف آپریشن سرکلز میں 11Kv کے نئے فیڈروں کی تنصیب کا کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے۔جن میں کان مہترزئی گرڈ سے 3 فیڈرز، کپوتو گرڈ اسٹیشن کے 2 فیڈر کی تنصیب کا کام شامل ہیں، اسی طرح 33kv سنجاوی لائن کو 132Kv سنجاوی گرڈ اسٹیشن سے منسلک کردیا گیا ہے جبکہ واشک پاور ہاوس سے منسلک 11kv فیڈر کو نئے تعمیر شدہ واشک گرڈ اسٹیشن کے ساتھ انٹرلنک کرنے کا منصوبہ بھی مکمل کرلیا گیا ہے۔ان منصوبوں کی تکمیل کے بعد بلاشبہ اب متعلقہ علاقوں کے صارفین کو درپیش بجلی کے کم وولٹیج اور ٹرپنگ کی شکایات کا خاتمہ یقینی بنایا جاسکے گا جبکہ متعلقہ ڈسٹری بیوشن لائنوں پر پہلے سے نصب شدہ ٹرانسفارمروں پر اضافی لوڈ بھی ختم ہوگئی ہے جس کے نتیجے میں وولٹیج میں کافی بہتری آئی ہے۔

نمبر:کیسکو پی آر 114 بجلی کی لائنوں سے کنڈکٹرز اور برقی آلات چوری کرنے والے 5 افراد گرفتار

کوئٹہ:04 نومبر 2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ گزشتہ روز قلعہ سیف اللہ کے علاقے میں لیویز اہلکاروں نے دیہی علاقوں میں بجلی کی لائنوں سے کنڈکٹرز اور دیگر برقی آلات کی چوری میں ملوث گروہ کے 5 افراد کو گرفتار کرلیا۔ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ کی خصوصی تعاون پر کیسکو ٹیموں نے لیویز کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کرکے بجلی سامان کی چوری میں ملوث گروہ کا سراغ لگادیا گیا۔جس کے بعد متعلقہ لیویز حکام نے بروقت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 5 افراد کو موقع پر رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔جن کے قبضہ سے چوری شدہ برقی آلات برآمد کرکے اُنکے خلاف مزید قانونی کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔